نسلی مساوات کے فروغ پر
موجودہ اور منصوبہ بندی کردہ اقدامات

محکمہ میرین

ہمارا مقصد ہے کہ ''ہم بحری خدمات میں برتری کو فروغ دینے میں یکتا ہیں''۔ بندرگاہ کے منتظم کی حیثیت سے ہمارے بنیادی افعال میں بندرگاہ کی کاروائی اور تمام ہانگ کانگ کے پانیوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے اور ہانگ کانگ کے بحری جہازوں کے رجسٹر کو چلانا اور ہانگ کانگ کے رجسٹرڈ بحری جہازوں کے معیار کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ ہم نسلی مساوات کے فروغ اور سمندری خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہیں۔ ہم کسی بھی نسل سے قطع نظر اپنے پیشہ ورانہ علم اور تکنیکی مہارت کو ان لوگوں کی زندگیوں کی حفاظت کے لئے وقف کرنے کا عہد کرتے ہیں جو بحری جہازوں پر کام کرتے ہیں یا سمندر کے ذریعے سفر کرتے ہیں[1]۔

متعلقہ خدمات

ہم ایک وسیع پیمانے پر خدمات فراہم کرتے ہیں، جن کی مکمل طور پر پانچ شعبہ جات میں درجہ بندی کی جا سکتی ہے، جیسے کہ:

- منصوبہ بندی اور خدمات – بندرگاہ کی ترقی کے لئے حکمت عملی، بندرگاہ کے حفاظتی انتظامات، کراس بائونڈری کرائے پر چلنے والی کشتیوں کے ٹرمینلز، آلودگی پر قابو پانا، عوامی کارگو کے کام کرنے والے علاقے ، جہاز رانی میں نیویگیشن اور لنگرگاہ میں تعاون، ہائڈروگرافک خدمات

- بندرگاہ کا اختیار – بندرگاہ کی کارروائیاں، جہاز رانی کی نیویگیشن میں حفاظت، سمندری ہنگامی صورتحال، تلاش اور بچاؤ کے کام میں ہم آہنگی، لائسنس کا اجراء اور مقامی کرافٹ کو قابو میں رکھنا

- کثیرالجہتی پالیسی – سمندری حادثے کی تفتیش اور پالیسیوں، معیارات اور قانون سازی کرنا

- جہاز رانی – ہانگ کانگ جہاز رانی کا رجسٹر، بین الاقوامی کنوینشن کے معیارات کا نفاذ، بیرون-ملک جانے والے بحری جہازوں کے سرویز

- مقامی کشتیاں اور معائنہ – میرین انڈسٹریل سیفٹی، مقامی کشتیوں کی حفاظت اور سروے، مقامی کشتیوں کی باضابطگی، معائنہ، ملاحوں کی سرٹیفکیشن اور نظم و ضبط اور

- سرکاری بیڑے – سرکاری بحری جہازوں کا خاکہ تیار کرنا، خریداری

---

[1] نسل کسی فرد کی نسبت سے، اس کا مطلب ہے کہ نسل، رنگ، خونی رشتے یا قومیت یا فرد کی نسلی بنیاد ہے

کرنا، کاروائی، جہاز کے عملے کا حصہ بننا اور مرمت کا کام کرنا

موجودہ اقدامات	خدمات چینی اور/یا انگریزی میں خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔ معلوماتی کتابچے اور پمفلٹس عوام میں تقسیم کے لئے چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں پرنٹ شدہ اور دستیاب ہیں۔ اس کے علاوہ، عوامی خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنانے کے لئے متنوع نسل کے خدمت استعمال کنندگان مفت ٹیلیفون کی ترجمانی کی خدمت اور مقام پر موجود ترجمانی کی خدمت کا استعمال کر سکتے ہیں۔ دیگر خدمات میں، جو نسلی اقلیتی باشندوں کی ہم آہنگی اور انحصاری کے لئے مرکز (CHEER سینٹر)[2] کے ذریعہ مہیا کی گئی ہیں۔ تشہیری سامان (بشمول میں پوسٹرز، کتابچے، لیفلٹس اور اشاراتی کارڈز یعنی کیو کارڈز) کو مختلف سروس یونٹس کے استقبالیہ کاؤنٹرز میں رکھا گیا ہے۔ متعلقہ رہنما ہدایات اور کتابچوں کو باقاعدگی سے گردش میں لایا جاتا ہے تاکہ نسلی مساوات کی ترویج کے لیے عملے کے فہم میں اضافہ کیا جا سکے۔ عملے کے ارکان کی حوصلہ افزائی بھی کی جاتی ہے کہ وہ سول سروس ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ کی طرف سے مساوی مواقع اور انسداد امتیاز آرڈیننسوں کے حوالے سے منعقدہ سیمنار اور ورکشاپس میں شرکت کریں تاکہ نسلی شمولیت اور باہمی اتفاق سے کام کرنے کا کلچر پروان چڑھے اور نسلی حساسیت اور ثقافتی تنوع کے حوالے سے ان کی آگہی میں اضافہ ہو پائے۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	خدمت عامہ اور مساوی موقع کے فروغ میں مسلسل اضافے کے لئے واپسی اعدادوشمار کی تالیف میں سہولت کے لئے زبان کی خدمات (ترجمانی/ترجمہ) کی فراہمی کے ڈیٹا کو باقاعدگی سے جمع کیا جاتا ہے۔
اضافی کئے گئے اقدامات	محکمہ میرین عملے کے حوالے کے لیے محکمانہ انٹرانیٹ پر نسلی امتیاز آرڈیننس کے متعلق کتابچہ - "نسلی امتیاز آرڈیننس اور میں" اپ لوڈ کرے گا۔

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات کے بارے میں سوالات کے لئے براہ کرم Ms Athena Liu ، ایگزیکٹو آفیسر (جنرل اور کمیٹی) *بحیثیت* محکماتی نسلی کوآرڈینیٹر سے مندرجہ ذیل ذریعوں سے رابطہ کریں۔

ٹیلی فون نمبر: 2852 4590
فیکس نمبر: 2541 7194
ای میل: mdenquiry@mardep.gov.hk

[2] CHEER سینٹر، محکمہ داخلہ امور کے ذریعہ چلنے والا ایک غیر سرکاری ادارہ، ایک زبان کی امدادی خدمت کا مرکز ہے جو متنوع نسل کے لوگوں کو عام عوامی خدمات تک رسائی میں مدد فراہم کرتا ہے۔ تفصیلات کے لئے ، http://hkcscheer.net ملاحظہ کریں

ڈاک کا پتہ: 21/ایف ، میرین ڈیپارٹمنٹ ہیڈ کوارٹر ،
38 پیئر روڈ ، وسطی ، ہانگ کانگ محکمہ

محکمہ میرین
مئی 2023